## بشری خامیوں پر قابو پانے اور دکھی انسانیت کی خدمت کیلئے بابا گرونانک کی تعلیمات مشعل راہ ہیں، الطاف حسین

## سکھ برادری اپنی عبادات میں عالمی امن، ساؤتھ ایشیا ریجن میں امن، پاکستان کی ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود کیلئے بھی دعائیں کریں

## سکھوں کے روحانی پیشوا بابا گرونانک کے 541 ویں جنم دن کی دلی مبارکباد

لندن۔۔۔یکم نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان اور بھارت سمیت دنیا بھر میں مقیم سکھ برادری کو بابا گرونانک کے 540 ویں جنم دن کی دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ دنیا کے تمام مذاہب میں احترام انسانیت کا درس ملتا ہے اور انسانیت کے احترام کے بغیر کسی بھی مذہب کی تعلیمات مکمل نہیں ہوسکتیں۔انہوں نے کہا کہ بشری خامیوں پر قابو پانے، ہر موقع پر سچائی پر قائم رہنے اور دکھی انسانیت کی خدمت کیلئے بابا گرونانک کی تعلیمات مشعل راہ ہیں اور ایم کیوایم بھی دین اسلام اور نبی آخرالزمان حضرت محمد مصطفیٰ ؐ کی تعلیمات کے مطابق دکھی انسانیت کی عملی خدمت میں مصروف ہے۔جناب الطاف حسین نے بابا گرونانک کے جنم دن پر پاکستان، بھارت اور دنیا بھر میں مقیم سکھ برادری کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ بابا گرونانک کے جنم دن پر اپنی عبادات میں عالمی امن، ساؤتھ ایشیا ریجن میں امن، پاکستان کی ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود کیلئے بھی خصوصی دعائیں کریں۔

## ناجائز تجاوزات کی حمایت میں مسلح دہشت گردی اور توڑ پھوڑ کا عمل فی الفور بند کیا جائے، رابطہ کمیٹی

## دہشت گردوں نے اپنا قبلہ درست نہ کیا تو ایم کیوایم کی حمایت کرنے والے عوام ناجائز تجاوزات قائم کرنے والی لینڈ مافیا اور ان کی حمایت کرنے والوں کے خلاف میدان عمل میں آجائیں گے، جس کے نتائج کی ذمہ داری حکومت پر عائد ہوگی

## سہراب گوٹھ اور شہر کے دیگر علاقوں میں ناجائز تجاوزات کے خلاف آپریشن کے دوران شہری حکومت کے عملہ اور پولیس پر حملے کی مذمت

کراچی۔۔۔یکم نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سہراب گوٹھ اور شہر کے دیگر علاقوں میں ناجائز تجاوزات کے خلاف آپریشن کے دوران لینڈ مافیا کے دہشت گردوں کی جانب سے شہری حکومت کے عملہ اور پولیس اہلکاروں پر حملے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گزشتہ روز شہری حکومت کا عملہ پولیس اہلکاروں کے ہمراہ سہراب گوٹھ اور شہر کے دیگر علاقوں میں ناجائز تجاوزات کے خاتمہ کیلئے پہنچا تو وہاں موجود لینڈ مافیا کے دہشت گردوں نے ان پر حملہ کردیا۔رابطہ کمیٹی نے پولیس اور شہری حکومت پر لینڈ مافیا کے دہشت گردوں اور ناجائز تجاوزات کی حمایت کرنے والوں کی پرتشدد کارروائیوں، جلاؤ گھیراؤ اور توڑ پھور کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ناجائز تجاوزات کی حمایت میں احتجاج اور مسلح دہشت گردی کرنے والوں نے اپنا قبلہ درست نہ کیا تو ایم کیوایم کی حمایت کرنے والے عوام، لینڈ مافیا اور اس کی حمایت کرنے والوں کے خلاف میدان عمل میں آجائیں گے۔رابطہ کمیٹی نے لینڈ مافیا کی حمایت میں احتجاج اور توڑ پھوڑ کرنے والوں کو متنبہ کیا کہ ناجائز تجاوزات کی حمایت میں جلسہ جلوس، مسلح دہشت گردی اور توڑ پھوڑ کا عمل فی الفور بند کیا جائے ورنہ ناجائز تجاوزات کی حمایت کے خلاف پرامن عوام میدان عمل میں آنے پر مجبور ہونگے جس کے نتائج کی تمام تر ذمہ داری ناجائز تجاوزات قائم کرنے والوں اور حکومت پر عائد ہوگی۔

## رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم تاجک اور رکن قومی اسمبلی وسیم اختر کی گلگت بلتستان کے یوم آزادی کے موقع پر چنار باغ میں گلگت بلتستان کے شہداء کی قبروں پر حاضری

گلگت۔۔۔یکم ،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم تاجک اور حق پرست رکن قومی اسمبلی وسیم اختر نے گلگت بلتستان کے یوم آزادی کے موقع پر چنار باغ میں گلگت بلتستان کے شہداء کی قبروں پر حاضری دی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے پھولوں کی چادریں چڑھائی ۔انہوں نے گلگت بلتستان کی تحریک آزادی میں حصہ لینے والے شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا اور شہداء کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی ۔اس موقع پر سابق حق پرست مشیر سندھ حامد عابدی، ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج صلاح الدین گلگتی اور ایم کیوایم گلگت بلتستان کے آرگنائزر ہدایت علی بھی موجود تھے۔

## چھلت نگر 2 میں حلقہ GBLA-4 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار حاجی حسن کے انتخابی دفتر کا افتتاح اور بڑی ریلی نکالی گئی

## حق پرست قیادت کی بھاری اکثریت سے کامیابی سے گلگت بلتستان کی گزشتہ 62 سالہ محرومیوں کا ازالہ ہوگا، مقررین

چھلت۔۔۔یکم، نومبر 2009ء

گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدواروں کی جانب سے کارنر میٹنگوں، انتخابی ریلیوں اور الیکشن دفاتر کے افتتاح کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں گزشتہ روز حلقہ GBLA-4 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار حاجی حسن کی انتخابی سرگرمیوں کے سلسلے میں چھلت نگر 2 میں الیکشن آفس کا افتتاح کیا گیا جس کے بعد بڑی انتخابی ریلی نکالی گئی جس نے حلقہ GBLA-4 کے مختلف علاقوں میں گشت کیا اور واپس الیکشن آفس چھلت نگر 2 میں آکر اختتام پذیر ہوئی۔ اس موقع پر ریلی کے شرکاء سے حق پرست رکن قومی اسمبلی سفیان یوسف، ایم کیو ایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ارکان عبدالخالق بلوچ، عابد زیدی اور GBLA-4 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار حاجی حسن نے خطاب کیا۔ اپنے خطاب میں مقررین نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی حق پرستانہ جدوجہد کا محور ملک بھر کے 98 فیصد غریب و متوسط طبقے کے عوام کے حقوق کا حصول ہے اور آئندہ انتخابات میں حق پرست قیادت کی بھاری اکثریت سے کامیابی سے گلگت بلتستان کی گزشتہ 62 سالہ محرومیوں کا ازالہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ غریب و متوسط طبقے کی قیادت ہی عوام سے مخلص ہوسکتی ہے اور اس کا ثبوت کراچی، حیدرآباد اور اندورن سندھ میں حق پرست قیادت کی نمایاں کارکردگی سے لگایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے ریلی کے شرکاء سے اپیل کی کہ وہ 12 نومبر کے دن پتنگ کے انتخابی نشان پر مہر لگائیں اور حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب کرائیں۔

## مرکزی سیکریٹری علماء کونسل گلگت مولانا رحمت علی حجتی کی ایم کیو ایم کی علماء کمیٹی سے ملاقات

## 12 نومبر کے انتخابات میں اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا

گلگت۔۔۔یکم، نومبر 2009ء

مرکزی سیکریٹری علماء کونسل گلگت اور امام مسجد جوتھل مولانا رحمت علی حجتی نے گزشتہ روز گلگت میں ایم کیو ایم کی علماء کمیٹی کے رکن ناصر یامین اور ایم کیو ایم علماء کمیٹی کے وفد میں شامل علمائے کرام علامہ اظہر حسین نقوی، صفدر رضوی سے ملاقات کی اور 12 نومبر کو ہونے والے گلگت بلتستان کی قانون ساز اسمبلی کے انتخابات میں اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔ ملاقات میں ایم کیو ایم کی علماء کمیٹی نے مولانا رحمت علی حجتی کو گلگت بلتستان میں انتخابی سرگرمیوں کے لئے 2 نومبر کو منعقد ہونے والے انتخابی جلسے میں شرکت کی دعوت دی۔ اس موقع پر مولانا رحمت علی حجتی نے دینور، نگر اور گلگت کے جید علمائے کرام کے ساتھ انتخابی جلسے میں بھرپور شرکت کی یقین دہانی بھی کرائی۔

## گلگت بلتستان کے عوام انتخابات میں حق پرست امیدواران کو زیادہ سے زیادہ ووٹ دیکر کامیاب بنائیں، علامہ اطہر نقی

## جعفرآباد میں نماز جمعہ کے بعد منعقدہ کارنر میٹنگ کے شرکاء سے خطاب

گلگت۔۔۔یکم، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی علماء کمیٹی کے وفد میں شامل معروف عالم دین علامہ اطہر نقی نے گلگت بلتستان کے عوام سے اپیل کی کہ وہ 12 نومبر کو ہونے والے انتخابات میں حق پرست امیدواران کو زیادہ سے زیادہ ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔ یہ اپیل انہوں نے جعفرآباد میں نماز جمعہ کے بعد منعقدہ کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کی۔ علامہ اطہر نقی نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی اتحاد بین المسلمین کیلئے کی جانے والی کاوشیں ناقابل فراموش ہیں اور ایم کیو ایم تمام مکاتب فکر کے درمیان مکمل ہم آہنگی، مذہبی رواداری اور بھائی چارے کی فضاء چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان سے بھی ایم کیو ایم فرقہ واریت کا خاتمہ کریگی اور عوام کے مسائل کو حل کرنے کیلئے اپنی تمام صلاحیتیں بروئے کار لائے گی۔

## گلگت بلتستان کی محرومیوں کا ازالہ الطاف حسین ہی کر سکتے ہیں، مولانا اطہر مشہدی
## اسکردو حلقہ 1 میں منعقدہ خواتین کی کارنر میٹنگ سے خطاب

اسکردو۔۔۔یکم، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی علماء کمیٹی کے وفد میں شامل عالم دین مولانا اطہر مشہدی نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم ملک کے پسے ہوئے دیگر طبقات کی طرح خواتین کے جائز حقوق کے حصول کی جدوجہد کررہی ہے۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز اسکردو حلقہ 1 میں منعقدہ خواتین کی ایک بڑی کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ کارنر میٹنگ میں خواتین نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور 12 نومبر کو ہونے والے انتخابات میں گھروں سے نکل کر حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے ووٹ دیکر کامیاب کرانے کی یقین دہانی کرائی۔ مولانا اطہر مشہدی نے کہا کہ گلگت بلتستان کی محرومیوں کا ازالہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ہی کر سکتے ہیں کیونکہ وہ ملک کے واحد رہنما ہیں جو ملک بھر کے 98 فیصد غریب ومظلوم عوام کے حقوق کیلئے برسوں سے جدوجہد کررہے ہیں اوران کی جدوجہد میں اب گلگت بلتستان کے عوام اہم کردارادا کریں گے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم نے خواتین کو معاشرے میں جائز مقام دلایا اوران میں احساس تحفظ پیدا کیا۔انہوں نے خواتین سے اپیل کی کہ وہ 12 نومبر کو اپنے ووٹ کا حق ضرور استعمال کریں اورحق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب کرائیں۔

## بوہری بازار میں جیولر کی دکان میں ایک کروڑ سے زائد کی ڈکیتی میں ملوث ملزمان کو گرفتار کیا جائے، ارکان سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔یکم، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے بوہری بازار میں جیولر کی دکان میں ایک کروڑ روپے سے زائد کی ڈکیتی کی واردات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ شہر میں بینک ڈکیتیوں اور گھروں میں لوٹ مار کے بعد اب مارکیٹوں میں تاجروں کو لوٹا جارہا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ شہر میں بڑی تعداد میں طالبان بینک ڈکیتوں، تاجروں اورشہروں سے لوٹ مار میں مصروف ہیں، طالبان نیٹ ورک کروڑوں روپے لوٹ کر وزیرستان منتقل کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ شہر میں طالبان اسٹریٹ کرائمز سے لے کر کروڑوں روپے کی لوٹ میں مصروف ہیں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ واحد جماعت ہے جو طالبانائزیشن کے خطرے سے عوام کو آگاہ کرچکی ہے، درجنوں طالبان دہشت گرد شہر کے مختلف علاقوں سے گرفتار ہوچکے ہیں تاہم اب بھی سینکڑوں طالبان دہشت گرد مختلف علاقوں میں چھپے ہوئے ہیں۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ بوہری بازار میں جیولر کی دکان میں ایک کروڑ سے زائد کی ڈکیتی کا سختی سے نوٹس لیا جائے اوراس میں ملوث ملزموں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت گلاب پور اور کوگرونگ امام بارگاہ پورا میں مفت طبی کیمپوں کا انعقاد
## مجموعی طور پر 1950 مریضوں کا تفصیلی معائنہ کرکے بھاری مالیت کی ادویات فراہم کی گئیں

اسکردو۔۔۔یکم، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے اسکردو کے مختلف علاقوں میں مفت طبی کیمپوں کا انعقاد کرکے عوام کو علاج ومعالجہ کی سہولیات کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔اس سلسلے میں گزشتہ روز خدمت خلق فاؤنڈیشن نے ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے تعاون سے اسکردو کے حلقہ انتخاب 6 کے علاوہ گلاب پور اور حلقہ نمبر 1 کے علاقے کوگرونگ امام بارگاہ پورا میں طبی کیمپوں کا انعقاد کیا جن میں مجموعی طور پر 1950 مریضوں کا تفصیلی معائنہ کرنے کے بعد انہیں بھاری مالیت کی ادویات فراہم کی گئیں۔طبی کیمپوں پر ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے مختلف امراض کے ماہر ڈاکٹروں نے صبح 9 بجے سے شام 6 بجے تک اپنی خدمات انجام دیں اور مریضوں کو احتیاطی تدابیر سے بھی آگاہ کیا۔دریں اثناء حلقہ GBLA-1 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار راجہ ذکریا نے کوگرونگ امام بارگاہ پورا میں لگائے گئے مفت طبی کیمپ کا دورہ کیا اور علاج ومعالجہ کی سہولیات کی فراہمی کا جائزہ لیا۔انہوں نے طبی کیمپ پر خدمات انجام دینے والے ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان کے جذبے کو سراہا اور انہیں خراج تحسین پیش کیا۔

## الطاف حسین کی جانب سے گلگت بلتستان کے عوام کو آزادی کے دن کی مبارکباد

لندن۔۔۔یکم، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے گلگت بلتستان کے عوام کو آزادی کے دن کی دلی مبارکباد پیش کی ہے۔یکم نومبر گلگت بلتستان کی آزادی کے موقع پر ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام نے جرات، بہادری اور شجاعت کے ساتھ یکم نومبر 1948ء کو آزادی حاصل کی اور اس کے 14 دن کے بعد ہی غیر مشروط طور پر پاکستان کیساتھ الحاق کرلیا۔انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کا غیر مشروط طور پر پاکستان کے ساتھ الحاق ان کی حب الوطنی اور قومی جذبے کو ظاہر کرتا ہے۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ گلگت بلتستان کے امن، سلامتی اور تحفظ کو مزید استحکام بخشے اور گلگت بلتستان کی تحریک آزادی میں حصہ لینے والے شہداء کے بلند درجات عطا فرمائے۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔یکم نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم یوکے یونٹ کے کارکن ذیشان کی ہمشیرہ سعدیہ وسیم، ایم کیوایم پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر یونٹ 48 کے کارکن عزیز پنجارہ کی والدہ مریم بائی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین) دریں اثناء ایم کیوایم یوکے کے آرگنائزر سلیم دانش اور کمیٹی کے دیگر ارکان نے بھی ذیشان کی ہمشیرہ سعدیہ وسیم کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا۔

☆☆☆☆☆